سوال

(681) بیوی سے خاص تعلق کا راز ظاہر کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کوئی شخص اپنی بیوی سے تعلق خاص کے راز ظاہر کرے تو اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میاں بیوی کے مابین ہنسی کھیل اور قربت میں بعض ایسی کیفیتیں ہوتی ہیں جو شوہر کی طرف سے ہوتی ہیں اور بعض بیوی کی طرف سے، جو ایک بڑی امانت ہیں۔ بعض اخلاق و کردار کے انتہائی کمزور اور عقل و انسانیت سے بے بہرہ لوگ اپنے ان رازوں کو افشا کر دیتے ہیں۔ جو انتہائی غلط اور برا کام ہے۔ حدیث میں ہے:

ان من شرار الناس : الرجل یفضی الی المراۃ و تفضی الیہ فینشر سرہا

''بہت برے لوگوں میں سے ہیں وہ کہ مرد اپنی اہلیہ کے قریب ہو اور وہ اس کے قریب ہو پھر یہ اس کے راز کو افشا کر دے۔'' (حدیث مبارکہ کے جو الفاظ فتویٰ میں ذکر کیے گئے ہیں وہ شاید بالمعنی ہیں۔ کتب احادیث میں موجود الفاظ مختلف ہیں۔ ان میں بعض احادیث میں یہ الفاظ ہیں: اشر الناس عند اللہ منزلة یوم القیامة، اور اکثر روایات میں ان من اعظم الامانة عند اللہ یوم القیامة کے الفاظ ہیں۔ صحیح مسلم، کتاب النکاح، باب تحریم افشاء سر المراۃ، حدیث: 1437 وسنن ابی داود، کتاب الادب، باب فی نقل الحدیث: 4870، ومسند احمد بن حنبل: 69/3، حدیث: 11673، مصنف ابن ابی شیبة: 39/4، حدیث: 17559۔)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 484